# والدیت کا اعتراف

**اس فارم پر دستخط کرنا رضاکارانہ عمل ہے۔ یہ ایک قانونی دستاویز ہے۔ دستخط کرنے سے پہلے پورا فارم پڑھیں۔**

والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے کی آپ کی اہلیت کے تعین میں آپ کی مدد کرنے کے لیے مندرجہ ذیل تعریفیں فراہم کی گئی ہیں:

- **بچہ** – وہ فرد جس کی والدیت طے کرنے کی ضرورت ہے۔
- **اصل والد/والدہ** – وہ والد/والدہ جس نے بچے کو جنم دیا۔
- **مبینہ والد/والدہ** – وہ شخص جو بچہ کا/کی جینیاتی والد/والدہ ہے لیکن اب تک قانونی طور پر یہ بات مسلمہ نہیں ہے۔
- **عمداً والد/والدہ** – وہ فرد جو معاونتی ولادت کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کے والد/والدہ کے بطور قانونی طور پر پابند ہونے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہے۔
- **والدین میں سے دوسرا** – اس سے مراد مبینہ یا عمداً والد/والدہ ہے۔
- **قیاسی والد کی رجسٹری** – ریاستی رجسٹری جس میں والدیت اور ولدیت کا اعتراف درج ہوتا ہے۔ اس رجسٹری میں موجود معلومات درخواست کیے جانے پر عدالت یا مجاز ایجنسی کو ریلیز کی جائیں گی لیکن کسی معقول سبب کے پیش نظر عدالتی آرڈر کے بغیر کسی اور شخص کو ریلیز نہیں کی جائیں گی۔
- **تولیدی خلیات کا عطیہ کنندہ** – نطفہ یا بیضہ کا عطیہ دہندہ۔

والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے سے پہلے، اصل والد/والدہ اور والدین میں سے دوسرے کو ان کے حقوق اور دستخط کرنے کے نتائج کا زبانی اور تحریری نوٹس فراہم کیا جائے گا۔ دونوں والدین کی جانب سے رضاکارانہ طور پر دستخط کردہ والدیت کے اعتراف کی قانونی حیثیت اور قوت نفاذ اتنی ہی ہوتی ہے جتنی عدالت کی جانب سے بچے کی قانونی والدیت کا تعین کرنے والے آرڈر کی ہوتی ہے نیز یہ بچہ کو اعانت فراہم کرنے کے لیے دونوں والدین کی ذمہ داری طے کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر والدیت کے اعتراف پر اعتراض نہ کیا جائے تو آپ کو بچہ کے والدین میں سے دوسرے کی شناخت کا تعین یا تصدیق کرنے کے لیے عدالت سے رجوع کرنے یا انتظامی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔

والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے سے پہلے شاید آپ کسی وکیل سے بات کرنا چاہیں۔ آپ کے پاس قانونی نمائندگی اور اعانتی سروسز بشمول مشاورت حاصل کرنے کا حق ہے تاکہ آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد مل سکے کہ آیا آپ والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنا چاہتے ہیں۔

## کون دستخط کر سکتا ہے؟

والدین میں سے دوسرے کو پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں شامل کرنے کے لیے صرف دو لوگ والدیت کے اعتراف پر دستخط کر سکتے ہیں:

| منظر نامہ #1: | منظر نامہ #2: |
|---|---|
| • غیر شادی شدہ اصل والد/والدہ<br>اور<br>• مبینہ والد/والدہ | • شادی شدہ یا غیر شادی شدہ اصل والد/والدہ<br>اور<br>• عمداً والد/والدہ |

بچہ کو والدین کی جانب سے منتخب کردہ کوئی بھی آخری نام دیا جا سکتا ہے۔ بچہ کا نام بچہ کی قانونی حیثیت کو متاثر نہیں کرے گا۔

**مندرجہ ذیل صورتوں میں والدیت کے اعتراف پر دستخط نہ کریں:**

- اگر قدرتی طریقے سے پیدا ہونے والے بچے کا اصل والد یا والدہ حمل کے دوران یا بچہ کی پیدائش کے وقت شادی شدہ ہو؛
- اگر اصل والد/والدہ غیر شادی شدہ ہو اور ایک سے زائد شخص کے والدین میں سے دوسرا ہونے کا امکان ہو؛
- اگر عدالت نے بچہ کی والدیت کا تعین کرنے کے لیے فیصلہ یا آرڈر صادر کر دیا ہو؛
- اگر بچہ کے لیے ولدیت/والدیت کے مستند اعتراف پر دستخط کر دیے گئے ہوں؛
- اگر بچہ سروگیسی کے معاہدے کے زیر اثر ہو؛
- اگر بچہ ابھی پیدا نہ ہوا ہو؛ یا
- اگر آپ کے بچہ کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر پہلے سے دو والدین موجود ہوں۔

**اگر یہ تحریری نوٹس پڑھنے اور زبانی نوٹس موصول کرنے کے بعد آپ کو بچہ کی والدیت سے متعلق کوئی شبہ ہو تو والدیت کے اعتراف پر دستخط 'نہ کریں'۔**

**جب والدین والدیت کے اعتراف پر دستخط کرتے ہیں تو:**

- وہ والدیت کا تعین کرنے کے لیے اپنے عدالتی سماعت کے حق سے دستبردار ہو جاتے ہیں؛
- وہ ولات اور ملاقات کے حقوق طے کر سکتے ہیں؛
- بچہ کو گود لینے کے عمل کے لیے تفویض کرنے سے پہلے ان کی طرف سے رضامندی کی فراہمی درکار ہو سکتی ہے؛
- اگر والدیت کا اعتراف اس ضلع کے رجسٹرار کے پاس درج کروایا جاتا ہے جہاں پیدائش کا سرٹیفکیٹ درج ہو تو بچہ کا دونوں والدین کی جانب سے وراثت حاصل کرنے کا حق **طے ہو جاتا ہے**؛ اور
- اگر والدیت کا اعتراف صرف قیاسی والد کی رجسٹری کے پاس درج کروایا جاتا ہے تو بچہ کا دونوں والدنی کی جانب سے وراثت حاصل کرنے کا حق **طے ہونے کا امکان ہے**۔

**اگر والدیت کے اعتراف پر دونوں والدین کی جانب سے دستخط نہیں کیے گئے ہیں تو:**

- والدین میں سے دوسرے پر بچہ کی اعانت کے سلسلے میں کوئی قانونی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی اور دوسرے والد/والدہ کا نام والدیت کا تعین کرنے کے لیے سماعت ہونے تک پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر نہیں آ سکتا۔ اگر عدالت والدین میں سے دوسرے کے لیے بچہ کے قانونی والد/والدہ ہونے کا تعین کرتی ہے تو عدالت اعانت کا آرڈر دے سکتی ہے جو بچہ کی پیدائش کے وقت سے راجع بہ ماضی ہو سکتا ہے۔
- اگر دونوں والدین کی جانب سے والدیت کے اعتراف پر دستخط نہ کیے جانے کی وجہ سے عدالتی سماعت درکار ہو تو:
    - والدین میں سے دوسرے کے پاس وکیل کی فیس ادا نہ کر پانے کی صورت میں مفت قانونی نمائندگی حاصل کرنے کا حق ہوگا؛ اور
    - مبینہ والد/والدہ کے پاس جینیاتی مارکر کے ٹیسٹ یا DNA ٹیسٹ کا حق ہوگا۔
- اگر اصل والد یا والدہ میں سے کوئی اعانت عامہ کے لیے درخواست دیتا ہے یا موصول کرتا ہے تو اس کی جانب سے والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے سے انکار کو بچہ کی والدیت طے کرنے کے حوالے سے تعاون کرنے میں ناکامی خیال نہیں کیا جائے گا۔

صرف حوالے کے لیے

**مندرجہ ذیل صورتوں میں والدیت کا اعتراف دستخط کرتے وقت کالعدم ہو جاتا ہے:**

- اگر والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے والے فریقوں کے سوا کسی شخص کو شادی کے باعث نیو یارک کے خانگی رشتوں کے قانون کے تحت بچہ کا والد یا والدہ خیال کیا جاتا ہو؛
- اگر معاونتی ولادت کے معاہدے کی وجہ سے والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے والے فریقوں کے سوا بچہ کا قانونی طور پر مسلمہ کوئی اور والد یا والدہ موجود ہو؛
- اگر عدالت نے بچہ کی والدیت کا تعین کرنے کے لیے پہلے ہی فیصلہ یا آرڈر صادر کر دیا ہو؛
- اگر کسی اور شخص نے رضاکارانہ طور پر بچہ کے لیے والدیت کا اعتراف کر لیا ہو؛
- اگر والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے والا شخص معاونتی ولادت میں عطیہ کنندہ ہو اور اس نے پہلے ہی اس بیان پر دستخط کر دیے ہوں کہ عطیہ کا مقصد والدیت کے حقوق یا ذمہ داریاں لینا نہیں ہے؛ یا
- اگر والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے والا شخص اقرار کرتا ہے کہ اس کے پاس معاونتی ولادت کے معاہدے کی وجہ سے والدیت کے حقوق ہیں لیکن عدالت کو پتا چلتا ہے کہ بچہ کی پیدائش معاونتی ولادت کے ذریعے نہیں ہوئی ہے۔

## والدیت کا اعتراف کہاں درج کروایا جاتا ہے؟ اسے کون درج کرتا ہے؟

اگر آپ نے کسی ہسپتال یا سوشل سروسز ڈسٹرکٹ میں والدیت کے اعتراف پر دستخط کیا ہے تو والدیت کا اصل اعتراف آپ کے لیے اس ڈسٹرکٹ کے رجسٹرار کے پاس جمع کروایا جائے گا جہاں پیدائش کا سرٹیفکیٹ جمع کروایا گیا ہو۔ اگر آپ نے کسی ہسپتال یا سوشل سروسز ڈسٹرکٹ میں والدیت کے اعتراف پر دستخط 'نہیں' کیا ہے تو آپ کو والدیت کا اصل اعتراف اس ڈسٹرکٹ کے رجسٹرار کو ڈاک کے ذریعے بھجوانا ہوگا یا لے کر جانا ہوگا جس ڈسٹرکٹ میں پیدائش کا سرٹیفکیٹ جمع کروایا گیا ہو۔

- **نیو یارک شہر** میں ہونے والی پیدائشوں کے لیے New York City Department of Health and Mental Hygiene, Office of Vital Records, Attention: Corrections Unit Room 144, 125 Worth Street CN-4, New York, NY 10013-4089 پر رجسٹرار کو اصل والدیت کا اعتراف ڈاک کے ذریعے بھیجیں یا پھر وہاں لے کر جائیں۔
- **نیو یارک شہر کے باہر** ہونے والی پیدائشوں کے لیے، اصل والدیت کا اعتراف اس ڈسٹرکٹ رجسٹرار کو ڈاک کے ذریعے بھیجیں یا لے کر جائیں جہاں آپ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ درج ہے۔

رجسٹرار آپ کو والدیت کے اعتراف کی مصدقہ کاپی ڈاک کے ذریعے بھیجے گا اور قیاسی والد کی رجسٹری کے ساتھ والدیت کے اعتراف کی کاپی درج کرے گا۔

**نوٹ:** اگر معاونتی ولایت کے ذریعے پیدا ہونے والے نطفہ یا بیضہ کے عطیہ کنندہ کا نام اور پتہ والدیت کے اعتراف میں شامل ہے تو اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ (State Department of Health) یا نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ مینٹل ہائجین (New York City Department of Health and Mental Hygiene) نظر ثانی کردہ دستخط کنندگان کے سوشل سیکورٹی نمبرز کے ساتھ فارم پر مندرج معلوم عطیہ کنندہ کو اس کی ایک کاپی ڈاک کے ذریعے بھیجیں گے۔

## کیا آپ فارم پر دستخط کرنے کے بعد نیا پیدائش کا سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں؟

**ہاں۔** اگر والدیت کے اعتراف پر پیدائش کے وقت دستخط نہیں ہوا تو والد اور والدہ دونوں کے نام کے ساتھ نیا پیدائش کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔ اگر آپ نے والدیت کا اعتراف مکمل کرتے وقت بچہ کا آخری نام تبدیل کیا ہے تو یہ نئے پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر تبدیل ہو جائے گا۔

## کیا آپ کو نئے پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی ادائیگی کرنی ہوگی؟

اگر آپ کا **بچہ نیو یارک شہر کے باہر ہسپتال میں پیدا ہوا ہے** اور آپ اصل پیدائش کا سرٹیفکیٹ درج ہونے کے بعد والدیت کے اعتراف پر دستخط کر رہے ہیں تو نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ ایک مفت ترمیم شدہ پیدائش ے سرٹیفکیٹ کا اجراء کرے گا جو اصل والد/والدہ کو ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ ترمیم شدہ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی اضافی کاپیاں فیس کے عوض فراہم کی جائیں گی۔

اگر آپ کا **بچہ نیو یارک شہر کے ہسپتال میں پیدا ہوا ہے** اور آپ اصل پیدائش کا سرٹیفکیٹ درج ہونے کے بعد والدیت کے اعتراف پر دستخط کر رہے ہیں تو نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ مینٹل ہائجین ایک مفت ترمیم شدہ پیدائش کے سرٹیفکیٹ کا اجراء کرے گا جو والدین میں سے دوسرے کو ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ اگر بچہ کی عمر ایک سال سے کم ہے تو اصل والد/والدہ کے پاس اصل پیدائش کا سرٹیفکیٹ بلامعاوضہ تبدیل کرنے کا اختیار ہوگا؛ ایک سال بعد تبدیل کرنے کا معاوضہ ادا کرنا ہوگا۔

## کیا آپ دستخط کرنے کے بعد والدیت کا اعتراف منسوخ کر سکتے ہیں؟

**ہاں۔** والد/والدہ دونوں کے پاس فیملی عدالت میں والدیت کے اعتراف کو منسوخ کرنے کے لیے عرضی دائر کرنے کا حق ہے۔ عرضی صرف مندرجہ ذیل عرصوں میں دائر کی جا سکتی ہے جو والدیت کے اعتراف پر دستخط کرتے وقت والد/والدہ کی عمر کے لحاظ سے ہوتی ہے:

| | والد/والدہ کی عمر والدیت کے اعتراف پر دستخط کرتے وقت **18 سال یا اس سے زائد** ہے | والد/والدہ کی عمر والدیت کے اعتراف پر دستخط کرتے وقت **18 سال سے کم** ہے |
|---|---|---|
| **ان میں سے جو بھی پہلے ہو** | والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے کی تاریخ کے 60 دن کے اندر۔ | اس والد/والدہ کی اٹھارویں سالگرہ کے بعد 60 دن کے اندر۔ |
| | وہ تاریخ جس پر بچہ سے متعلق پیشی میں عرضی کا جواب درکار ہو اور جس میں والد/والدہ فریق ہو۔ | بچہ سے متعلق ایسی پیشی کی تاریخ کے بعد 60 دن کے اندر جس میں عرضی کا جواب درکار ہو اور جس میں متعلقہ والد/والدہ فریق کی حیثیت سے شامل ہوں، بشرطیکہ والد/والدہ کو ایسی کسی پیشی میں منسوخی کے لیے عرضی دائر کرنے کے حق کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ |
| **اگر عرصہ کی میعاد ختم ہوگئی ہو** | والد/والدہ میں سے کوئی بھی عدالت میں والدیت کے اعتراف پر اعتراض کر سکتا ہے اگر اعتراف پر دستخط دھوکہ دہی، دباؤ یا کسی حقیقت میں بڑی غلطی پر مشتمل ہوں۔ ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری والدیت کے اعتراض کو منسوخ کرنے کے خواہشمند فریق پر عائد ہوتی ہے۔ | |

اگر منسوخ کرنے کی عرضی درست عرصہ کے اندر دائر کروا دی جاتی ہے یا اگر عرصہ ختم ہونے کے بعد والد/والدہ عدالت میں والدیت کے اعتراف پر اعتراض اٹھانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو عدالت بچہ کی والدیت کا تعین کرنے کے لیے جینیاتی مارکر کے ٹیسٹس یا DNA ٹیسٹس کا آرڈر دے گی۔ عدالت اس ٹیسٹنگ کا آرڈر صرف اس صورت میں دے گی جب والدیت کے اعتراف پر معاونتی ولادت کے ذریعے پیدا ہونے والے بچے کے عمداً والد/والدہ نے دستخط نہ کیے ہوں یا عدالت کو یہ پتا چلے کہ ٹیسٹنگ بچے کے مفادات کے لیے مناسب نہیں ہے۔ دونوں والدین میں سے کسی کی بھی قانونی ذمہ داریاں بشمول بچے کی اعانت کی ذمہ داری والدیت کے اعتراف پر اعتراض کے دوران معطل نہیں ہوں گی سوائے اس صورت کے کہ عدالت کو اس ضمن میں کوئی معقول سبب مل جائے۔

اگر عدالت جینیاتی مارکر کے ٹیسٹ یا DNA ٹیسٹ کے بعد عدالت تعین کرتی ہے کہ جس شخص نے والدیت کے اعتراف پر دستخط کیے ہیں وہ بچہ کا والد یا والدہ ہے تو عدالت والدیت کی دریافت طے کر کے فیصلہ یا والدیت طے کرنے والا آرڈر صادر کر دے گی۔ اگر عدالت یہ تعین کرتی ہے کہ جس شخص نے والدیت کے اعتراف پر دستخط کیے ہیں وہ بچہ کا والد یا والدہ نہیں ہے تو والدیت کا اعتراف منسوخ ہو جائے گا اور عدالت فوراً آرڈر کی کاپی رجسٹرار اور قیاسی والد کی رجسٹری کو فراہم کر دے گی۔ اگر کوئی فریق اعانت اطفال کی سروسز موصول کر رہا ہے تو ایک کاپی چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کو بھی فراہم کی جائے گی۔

## اب بھی کوئی سوال ہے؟

**پیدائش کے سرٹیفکیٹ کے پراسیس** سے متعلق سوالات اس ڈسٹرکٹ کے رجسٹرار کو بھیجے جانے چاہئیں جہاں والدیت کا اعتراف جمع کروایا گیا ہو یا کروایا جانا ہو۔ نیو یارک شہر میں، نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ مینٹل ہائجین کو **3-1-1** یا **212-NEW-YORK** پر کال کریں۔

اس فارم یا والدیت طے کرنے سے متعلق سوالات کے لیے، ہسپتال کے عملہ سے بات کریں یا otda.sm.dcse.parentage@otda.ny.gov پر سوالات ای میل کریں۔ آپ childsupport.ny.gov پر نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف چائلڈ سپورٹ سروسز کی ویب سائٹ پر دستیاب والدیت کے اعتراف کے پراسیس کے بارے میں بھی ویڈیو دیکھ سکتے ہیں۔

**براہ کرم نوٹ کریں:** والدیت کے اعتراف میں شامل معلومات اور بیانات کی توثیق پیدائش کا سرٹیفکیٹ بننے یا قیاسی والد کی رجسٹری کے پاس دستاویز جمع کروائے جانے سے پہلے یا بعد میں کسی ریاستی، مقامی یا نجی ادارے کی جانب سے نہیں کی جائے گی کیونکہ قانون میں ایسا کرنے کا کوئی تقاضا نہیں ہے۔

# والدیت کا اعتراف

**(براہ کرم ٹائپ کریں یا سیاہ روشنائی کے ذریعے واضح انداز میں پرنٹ کریں۔)**

ریکارڈ شدہ ڈسرکٹ ______ ہسپتال کا کوڈ ___ ___ ___ ___ رجسٹر نمبر ______

**جس جگہ دستخط کیے وہاں نشان زد کریں:** ☐ ہسپتال ☐ چائلڈ سپورٹ پروگرام آفس ☐ پیدائش کا رجسٹرار ☐ دیگر

## بچہ

**پہلا نام** ______ **درمیانی نام** ______ **آخری نام** ______

**صنف** ☐ عورت ☐ مرد ☐ نان بائنری/دیگر

**تاریخ پیدائش** (MM/DD/YYYY) ___ / ___ / ___

**پیدائش کی فیسیلٹی** ______ **پیدائش کا شہر** ______ **پیدائش کی کاؤنٹی/بورو** ______

اگر بچہ کا پیدائش کا سرٹیفکیٹ پہلے ہی درج ہو چکا ہے اور آپ بچہ کا آخری نام تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل سیکشن مکمل کریں:

**اصل پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر آخری نام** ______ **نیا آخری نام** ______

ہم سمجھتے ہیں کہ والدیت کے اس اعتراف پر دستخط کرنا رضاکارانہ عمل ہے اور یہ ہمارے بچہ کے لیے عدالتی سماعت کے بعد صادر کیے جانے والے والدیت کے آرڈر جیسی ہی حیثیت اور قوت نفاذ کے ساتھ ہمارے بچہ کی والدیت طے کرتا ہے بشمول ہمارے بچہ کو اعانت فراہم کرنے کی ذمہ داری الّا یہ کہ اگر والدیت کا یہ اعتراف اس رجسٹرار کے پاس جمع کروایا گیا ہو جہاں پیدائش کا سرٹیفکیٹ جمع ہو تو وراثتی حقوق کے حوالے سے والدیت کے اعتراف کی وہی حیثیت اور قوت نفاذ ہوگی۔ ہمیں اپنے قانونی حقوق (بشمول منسوخی کے ٹائم فریمز) کے لیے تحریری اور زبانی نوٹس، ذمہ داریاں، متبادلات اور والدیت کے اعتراف پر دستخط کرنے کے نتائج موصول ہو گئے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ نوٹس میں کیا بیان ہے۔ تحریری نوٹس کی کاپی ہمیں موصول ہوگئی ہے۔ ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ذیل میں ہماری فراہم کردہ معلومات درست ہیں۔

## اصل والد/والدہ

**پہلا نام** ______ **درمیانی نام** ______ **آخری نام** ______

**اسٹریٹ کا پتہ** ______ **فلور/اپارٹمنٹ** ______ **شہر** ______ **ریاست** ______ **زپ** ______

**تاریخ پیدائش** (MM/DD/YYYY) ___ / ___ / ___ **سوشل سیکیورٹی نمبر** ___ - ___ - ___ **کیا آپ پیدائش کے وقت شادی شدہ تھے؟** ☐ ہاں ☐ نہیں

میں اپنے مذکورہ بالا بچہ کے لیے والدیت کے اعتراف سے متعلق یہاں اپنی رضامندی فراہم کرتا/کرتی ہوں اور تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ ذیل میں جس شخص کا نام موجود ہے وہی میرے بچہ کا دوسرا ممکنہ جینیاتی والدہ/والدہ ہے یا عمداً والد/والدہ ہے نیز بچہ کی پیدائش معاونتی ولادت کے ذریعے ہوئی ہے۔

**دستخط** ______ **تاریخ** (MM/DD/YYYY) ___ / ___ / ___

| **گواہان کا سیکشن**<br>(دو گواہ درکار ہیں؛ گواہان کا تعلق دونوں والدین میں سے کسی کے ساتھ بھی نہ ہونا ضروری ہے) | **گواہ کے دستخط** | **گواہ کا نام اجلے حروف میں** | **تاریخ** (MM/DD/YYYY) |
|---|---|---|---|
| | | | ___ / ___ / ___ |
| | | | ___ / ___ / ___ |

## والدین میں سے دوسرا

**پہلا نام** ______ **درمیانی نام** ______ **آخری نام** ______

**اسٹریٹ کا پتہ** ______ **فلور/اپارٹمنٹ** ______ **شہر** ______ **ریاست** ______ **زپ** ______

**پیدائش کا شہر** ______ **ریاست/پیدائش کا صوبہ** ______ **پیدائش کا ملک** ______

**تاریخ پیدائش** (MM/DD/YYYY) ___ / ___ / ___ **سوشل سیکیورٹی نمبر** ___ - ___ - ___ **کیا آپ بچہ کے جینیاتی/بیالوجیکل والد ہیں؟** ☐ ہاں ☐ نہیں

میں یہاں تسلیم کرتا ہوں کہ میں مذکورہ بالا بچہ کا جینیاتی یا عمداً والد ہوں۔

**دستخط** ______ **تاریخ** (MM/DD/YYYY) ___ / ___ / ___

| **گواہان کا سیکشن**<br>(دو گواہ درکار ہیں؛ گواہان کا تعلق دونوں والدین میں سے کسی کے ساتھ بھی نہ ہونا ضروری ہے) | **گواہ کے دستخط** | **گواہ کا نام اجلے حروف میں** | **تاریخ** (MM/DD/YYYY) |
|---|---|---|---|
| | | | ___ / ___ / ___ |
| | | | ___ / ___ / ___ |

## For Official Use Only (صرف آفیشل استعمال کے لیے)

**The above Acknowledgment of Parentage is hereby filed with the** ______ **registrar on** ______

If this document is to amend a birth certificate, I certify that I have examined the original record this seeks to amend and the information on this document matches. There are no omissions or apparent errors that render it unacceptable for amending the birth record. This document is therefore approved.

**State Registrar/Deputy City Registrar signature** ______ **Date** *(MM/DD/YYYY)* ______

صرف حوالے کے لیے

صرف حوالے کے لیے

## اصل والد/والدہ

نام

اسٹریٹ کا پتہ

فلور/اپارٹمنٹ شہر ریاست زپ

**اصل والد/والدہ** کا ڈاک کا پتہ یہاں پرنٹ ہونا چاہیے

## والدین میں سے دوسرا

نام

اسٹریٹ کا پتہ

فلور/اپارٹمنٹ شہر ریاست زپ

**والدین میں سے دوسرے** کا ڈاک کا پتہ یہاں پرنٹ ہونا چاہیے

## نطفہ یا بیضہ کا عطیہ کنندہ (اگر قابل اطلاق ہے)

نام

اسٹریٹ کا پتہ

فلور/اپارٹمنٹ شہر ریاست زپ

**نطفہ یا بیضہ کا عطیہ کنندہ** کا ڈاک کا پتہ یہاں پرنٹ ہونا چاہیے